سوال

(37)اہل حدیث پانچواں مذہب کہاں سے نکل آیا؟..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل دنیا میں مسلمانی مذہب چار ہیں۔اوراہل حدیث پانچواں مذہب کہاں سے نکل آیا یہاں کے حنفی پیش امام کہتے ہیں۔اس واسطے آپ قرآن وحدیث کے ساتھ جواب دیں

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسلمانی مذہب تیرہ سو53 برسوں سے چلا آیا ہے۔جب سے آپ ﷺ نے خدا کا پیغام سنایا تھا۔مگر چار مذہب چوتھی صدی میں پیدا ہوئے۔ان سب سے پہلے اہل حدیث تھے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ اہل حدیث مذہب پرانا ہے۔اور یہ نئے ہیں ان کو چاہیے کہ نئی بات چھوڑ کر اہل حدیث بن جائیں۔(فتاویٰ ثنائیہ صفحہ 212)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد11 ص143

محدث فتویٰ